


# بکری، کتا اور گائے

Fabian Wakholi
Marleen Visser, Ingrid Schechter
Samrina Sana
2
اردو ur




بکری، کتا اور گائے بہت اچھے دوست تھے۔ ایک دن وہ ٹیکسی پر سفر کرنے لکلے۔



سفر کے اختتام پر ڈرائیور نے اُن سے کرایہ ادا کرنے کے لیے کہا۔
گائے نے اپنا کرایہ دے دیا۔



کتے نے اضافی کرایہ دے دیے، کیونکہ اُس کے پاس کھلے پیسے نہیں تھے۔



جب ڈرائیور کتے کو اُس کے بقایا دینے ہی لگا تو بکری کرایہ ادا کیئے بغیر بھاگ گئی۔



ڈرائیور کو غصہ آیا۔ وہ کتے کو بٹھائے دیئے بغیر وہاں سے چلا گیا۔



اسی وجہ سے آج بھی کتے گاڑیوں کے پیچھے بھاگتے ہیں کہ وہ اُس ڈرائیور کو تلاش کر کے اُس سے اپنے پیسے نکلوا سکے۔



بکری گاڑی کی آواز سن کر دور بھاگتی ہے۔ اُسے ڈر ہے کہ کرایہ نہ دینے کی وجہ سے اُسے گرفتار کر لیا جائے گا۔



اور گائے کبھی گاڑی کے آنے کی پروا نہیں کرتی۔ وہ اپنا وقت لے
کر سڑک پار کر تی ہے۔ کیونکہ وہ جانتی ہے کہ اُس نے اپنا مکمل
کر ایہ ادا کیا ہوا ہے۔

# Global Storybooks

globalstorybooks.net

## بکری، کتا اور گائے


Fabian Wakholi
Marleen Visser, Ingrid Schechter
Samrina Sana


CC BY